SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

# Press Release

December 29, 2017

***For immediate release***

**ایس ای سی پی کی پی ایس ایکس کو بورڈ آف ڈائریکٹرز کے انتخابات کروانے کی ہدایت**

اسلام آباد( دسمبر 29 )سکیورٹیزاینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے پاکستان سٹاک ایکس چینج کو پی ایس ایکس کے بورڈ پر ڈائریکٹرز کی تعداد کو مکمل کریں اور ساتھ ہی کمپنیز ایکٹ 2017 کے مطابق شئیر ہولڈرز ڈائریکٹرز کے انتخابات کروانے کی ہدایت کی ہے۔ ایس ای سی پی کی اس ہدایت کا مقصد سٹاک مارکیٹ میں بہترین گورننس فراہم کرنا اور پی ایس ایکس کے بورڈ پر شئیر ہولڈرز کے حقیقی نمائندوں کو نمائندگی دینا ہے۔

قانون کے مطابق سکیورٹیز ایکس چینج کا بورڈ ایکس چینج کے چیف ایگزیکٹو آفیسر، انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز اور شئیر ہولڈر ڈائریکٹرز پر مشتمل ہو گا جبکہ بورڈ پر انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کی تعداد، شئیر ہولڈر ڈائریکٹرز سے کم نہیں ہو گی۔ ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق، سٹاک ایکس چینج کے بورڈ پر منتخب ہونے والے شیئر ہولڈر ڈائریکٹرز، حالیہ انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کے ساتھ مل کر نئے انڈیپنڈنٹ ڈائریکٹرز کی تعیناتی کے لئے نامزدگیاں کریں گے۔ کیپیٹل مارکیٹ میں چھوٹے اور اقلیتی سرمایہ کاروں کا تحفظ ایس ای سی پی کی اولین ترجیح ہے۔ کمیشن کے اس فیصلے سے سٹاک ایکس چینج میں اقلیتی شئیر ہولڈرز بشمول عام پبلک کی بھی سٹاک ایکس چینج کے بورڈ میں نمائندگی ہو جائے گی جس کا مارکیٹ اور سرمایہ کاروں کے اعتماد پر مثبت اثر پڑے گا۔ سٹاک ایکس چینج کے بورڈ کے انتخابات کا یہ عمل اٹھائیس فروری تک مکمل کر لیا جائے گا ۔